PRILS LAZIO - PIANO REGIONALE D'INTEGRAZIONE LINGUISTICA E SOCIALE DEGLI STRANIERI NEL LAZIO

*Progetto cofinanziato da*

UNIONE EUROPEA

REGIONE LAZIO

MINISTERO DELL'INTERNO

**Fondo europeo per l'integrazione di cittadini di paesi terzi**

# سوکس ایجوکیشن کورس
# اور اٹالین شہری ہونا


















ASAP
Agenzia per lo Sviluppo delle Amministrazioni Pubbliche

Ministero dell'Istruzione, dell'Università e della Ricerca
USRLAZIO
Ufficio Scolastico Regionale

ROMA TRE
UNIVERSITÀ DEGLI STUDI

# فہرست

باب نمبر 1 ۔ چند الفاظ میں اٹلی کی تاریخ
باب نمبر 2 ۔ اٹالین آئین
باب نمبر 3 ۔ مردم شماری
باب نمبر 4 ۔ مرکزی سرکاری دفاتر کا نظام
باب نمبر 5 ۔ علاقائی سرکاری دفاتر کا نظام
باب نمبر 6 ۔ خاندان
باب نمبر 7 ۔ کام کاج

باب نمبر 8 ۔ نظام تعلیم ، تربیت کا طریقہ کار اور تعلیم بالغاں
باب نمبر 9۔ صحت کا طریقہ کار
باب نمبر 10۔ وہ کاغذات جو اٹلی میں آباد ہونے کے لیے ضروری ہوتے ہیں
باب نمبر 11 ۔ گھر۔ کرایہ کا گھر
باب نمبر 12 ۔ پراویڈنٹ فنڈ یا پنشن کا نظام
باب نمبر 13۔ ٹیکسوں کا نظام
باب نمبر14 ۔ انٹیگریشن کا معاہدہ اور کارتا دی سوجورنو
باب نمبر 15 ۔ اٹالین شہریت



# باب نمبر1

# چند الفاظ میں اٹلی کی تاریخ

# مختصرالفاظ میں اٹلی کی تاریخ

پرانے دور میں روم شہر رومن سلطنت کا دارالخلافہ تھا، جسکی سرحدیں انگلستان سے مصر تک اور پرتگال سے عراق تک پھیلی ہوئی تھیں






رومن سلطنت کی زبان لیٹن تھی ۔ لیٹن زبان سے جدید رومن زبانیں پیدا ہوئیں ، جن میں اٹالین، اسپینش، فرنچ، پرتگالی اور رومانین شامل ہیں ۔



اٹالین زبان کی سنہری صدی تیرھویں صدی یعنی 1300 سمجھی جاتی ہے ، جب اٹلی کے تین بڑے دانشور دانتے، پیترارکا اور بوکاچو کے شاہکار پیش ہوئے ۔

**دانتے الیگری** Dante Alighieri ، نے مزاحیہ خدائی یا Divina Commedia لکھی اور اسی وجہ سے انکو اٹالین زبان کا موجد سمجھا جاتا ہے ۔

1861 تک اٹلی مختلف ریاستوں میں بٹا ہوا تھا ، ان میں سے چند ریاستوں پر بیرونی ممالک ( اسپین، آسٹریا، فرانس ) کی حکومت تھی

1861 میں اٹلی وجود میں آیا لیکن اسکے باوجود روم شہر میں چرچ کی ریاست جاری رہی اور یہاں پوپ حکومت کرتا رہا ۔



1870 میں روم بھی اٹلی کا حصہ بن گیا اور اسے اٹلی کا دارالخلافہ بنا دیا گیا ۔



1861 سے 1922 تک اٹلی میں پارلیمانی بادشاہت تھی ۔
اٹلی کا پہلا بادشاہ وتوریو ایمانوئیلے دوئم Vittorio Emanuele II تھا ۔

1922 سے 1943 تک اٹلی میں فاشسٹ پارٹی نے ڈکٹیٹر شپ قائم کردی ۔

اس آمریت کے دوران اٹالین پر اظہار خیالات، صحافت اور ایسوسی ایشن کی پابندیاں عائد کردی گئیں ۔





دوسری جنگ عظیم کے بعد اٹلی جمہوری ملک بن گیا ، ووٹ ڈالنے کی اجازت دی گئی اور تمام عورتوں اور مردوں کو ووٹ کاسٹ کرنے کا حق فراہم کردیا گیا ۔




1946 میں اٹلی میں ایک ریفرنڈم کے زریعے بادشاہت کو ختم کردیا گیا اور اٹلی میں جمہوری ریپبلک حکومت وجود میں آئی ۔




# باب نمبر 2


# اٹالین آئین

# اٹالین آئین

یہ آئین 1947 میں منظور کیا گیا تھا اور یہ اٹلی کا بنیادی قانون ہے ۔



اٹلی کے تمام قوانین کے لیے ضروری ہے کہ وہ آئین کا خیال رکھیں اور اسکے اصول اور اقدار کی پاسداری کریں ۔



La Costituzione, munita del sigillo dello Stato, sarà inserita nella raccolta ufficiale delle leggi e dei decreti della Repubblica.

La Costituzione dovrà essere fedelmente osservata come Legge fondamentale della Repubblica da tutti i cittadini e dagli organi dello Stato.

*Data a Roma, addì 27 dicembre 1947.*

*CONTROFIRMANO:*

*Il Presidente dell'Assemblea Costituente*

*Il Presidente del Consiglio dei Ministri*

*Visto, il Guardasigilli:*

اس آئین کے 139 آرٹیکل ہیں اور اسے 2 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے

- پہلے حصے میں ملک کے بنیادی اصول اور شہریوں کے حقوق و فرائض بیان کیے گئے ہیں



- دوسرے حصے میں ریپبلک ملک کے احکام ،اس کا بنیادی ڈھانچہ اور اداروں کے حکام کا زکر ہے ۔

اداروں کے حکام میں ، سینٹ و قومی اسمبلی ، صدر مملکت، حکومت اور انصاف کے ادارے شامل ہیں ۔

**آرٹیکل نمبر 1** ۔ اٹلی ایک جمہوری ریپبلک ملک ہے اور اس کا بنیادی اصول کام ہے ۔

**آرٹیکل نمبر 2** ۔ یہ ملک انسان کے بنیادی حقوق کو تسلیم کرتا ہے اور انکی حفاظت کی گارنٹی فراہم کرتا ہے ، خواہ یہ حقوق ایک انسان کی صورت میں یا پھر کسی معاشرتی گروپ کی صورت میں عمل میں آئیں ( ------- ) ۔

**آرٹیکل نمبر 3** ۔ قانون کے سامنے تمام شہری برابر ہیں ۔ کسی انسان کی جنس، قومیت، زبان، مذہب، سیاسی رائے ، زاتی پہچان یا سوشل پہچان کی بنا پر اسکے ساتھ امتیازی سلوک نہیں ہو گا ۔

**آرٹیکل نمبر 8** ۔ قانون کی نظر میں تمام مذاہب آزاد ہیں اور برابر کے حقوق رکھتے ہیں ۔

**آرٹیکل نمبر** 10- وہ غیر ملکی جن پر اپنے ملک میں جمہوری طور پر رہنے کی آزادی کو سلب کیا گیا ہے ۔ یہ غیر ملکی اٹلی کے آئین کے مطابق سیاسی پناہ حاصل کرسکتے ہیں ۔ اس عمل کے لیے اٹلی کے بنائے گئے سیاسی پناہ کے قوانین کو لاگو کیا جائے گا

**آرٹیکل نمبر 11**- اٹلی جنگ کے خلاف ہے ، کیونکہ جنگ کیوجہ سے کسی ملک یا قوم کی آزادی کی خلاف ورزی ہوتی ہے اور اسکے علاوہ جنگ سے بین الاقوامی اختلافات کو ختم نہیں کیا جا سکتا ۔

**آرٹیکل نمبر 13**- زاتی آزادی بہت اہم ہے ۔ کسی کی زاتی آزادی پر پابندی غیر قانونی ہے ، بشرطیکہ ملک کے حکام انصاف یا قانون کی بنیادوں پر کسی انسان کی آزادی پر پابندی عائد کریں ۔

**آرٹیکل نمبر 15** ۔ ہر قسم کی خط و کتابت ، پیغام رسانی اور اسکے راز پر مکمل طور پر آزادی ہے ۔

**آرٹیکل نمبر 17** ۔ شہریوں کو مکمل آزادی ہے کہ وہ امن کے ساتھ ہتھیاروں کے بغیرمجمع کی صورت میں متحد ہو سکیں ۔

**آرٹیکل نمبر 21۔** تمام شہریوں کو حق ہے کہ وہ اپنے خیالات کا پرچار کرنے کے لیے ہر قسم کے ابلاغ عامہ کے آلات استعمال کرسکیں ۔ صحافت پر کسی قسم کی پابندی یا سنسر شپ عائد نہیں کی گئی ۔

**آرٹیکل نمبر 38** ۔ ہر وہ شہری جو کہ کام کرنے سے معزور ہے اور اسکے پاس زندہ رہنے کے زرائع موجود نہیں ہیں ۔ اس کا حق ہے کہ یہ مملکت سے سماجی اور معاشی امداد حاصل کرسکے ۔

**آرٹیکل نمبر 48** ۔ وہ عورتیں اور مرد جو کہ بالغ شہری ہو گئے ہیں ، یہ تمام ووٹر کی حیثیت رکھتے ہیں ۔

**آرٹیکل نمبر 51** ۔ تمام عورتیں اور مرد شہری سرکاری دفاتر میں جا سکتے ہیں اور ان دفاتر میں نوکری کرسکتے ہیں ۔ ان کے انتخاب کے لیے مرد اور عورت ہونا یکساں ہے ۔

# شہری حقوق

- زاتی آزادی، نقل مکانی، ایسوسی ایشن، محفل، آزادی مذہب اور ضمیر کی آزادی

- قانون کے سامنے سب برابر ہیں
- اپنے آپ کو سچا ثابت کرنے کا حق
- جائیداد پر غیر قانونی قبضہ کرنے پر اسے آزاد کروانے کا حق
- اٹالین شہریت کا حق



# سیاسی حقوق

یہ وہ حقوق ہیں ، جن کے زریعے شہری ملک کی حکومت میں حصہ لیتے ہیں ۔
ان حقوق کا حصہ بننے کے لیے مندرجہ زیل طریقہ کار ہیں ۔



- براہ راست: ایسے ادارے جن کے زریعے ریفرنڈم یا درخواستگی عمل وغیرہ استعمال ہوتا ہے ۔

- بالواسطہ : ووٹ کے زریعے اپنے نمائندوں کا انتخاب

# سوشل حقوق

- سوشل حقوق کی حفاظت جن میں بیماری، بڑھاپا ، بے روزگاری وغیرہ شامل ہیں

- صحت کا حق
- تعلیم حاصل کرنے کا حق
- کام و کاج وغیرہ کرنے کا حق




# باب نمبر 3

## مردم شماری کے اعداد و شمار

# مردم شماری


اٹلی کی کل آبادی جنوری 2011 تک 6 کروڑ 6 لاکھ تھی ،
جس میں 50 لاکھ تارکین وطن شامل تھے۔

کل مرد - 48،5 فیصد
کل خواتین - 51،5 فیصد



شادی شدہ شہریوں کے اعداد و شمار
شادی شدہ - 29.890.000
طلاق شدہ - 1.185.000
بیوہ - 4.550.000

## اٹلی میں آباد غیر ملکی بڑی کمونٹیاں





# باب نمبر 4

## مملکت کے مرکزی ادارے

# جمہوریت

اٹلی ایک جمہوری ریپلک ملک ہے ۔
حکومت چلانے میں دو اہم حقائق قابل زکر ہیں ۔



- عوام کی خود مختاری
- آزادی اور برابری کے بنیادی اصولوں کی پاسداری

# ملک کے اختیاراتی ادارے

مملکت کے تین اختیاراتی ادارے ہیں :

قانون سازی کے ادارے

عدالتی ادارے

قانون نافذکرنے کےادارے

ملک یا ریاست کے تینوں اختیاراتی ادارے خود مختار ہیں اور ایک دوسرے سے منسلک نہیں ۔ یہ ادارے مکمل آزادی کے ساتھ اٹالین آئین کو مدنظر رکھتے ہوئے عمل پیرا ہوتے ہیں ۔

# قانون سازی کے ادارے

- قوانین بنانے کے اختیارات
- پارلیمنٹ کی جانب سے

پارلیمنٹ میں قوانین پیش کیے جاتے ہیں اور انہیں ملک کے قوانین کے طور پر پاس کیا جاتا ہے



پارلیمنٹ کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے

- قومی اسمبلی
- سینٹ

الیکشن ہر 5 سال بعد کرائے جاتے ہیں

## قانون نافذ کرنے کے ادارے

- قوانین پر عمل کروانے کے اختیارات
- حکومت کے زریعے

ملک کی حکومت پارلیمنٹ کے فیصلوں پر عمل کروانے کی زمہداری قبول کرتی ہے
جو کہ مندرجہ زیل پر مبنی ہوتی ہے :

- ملک کا وزیر اعظم ( کونصل کا صدر ) جو کہ وزرا منتخب کرتا ہے
- ہر وزیر اپنی وزرات کے زریعے ملک کے مفادات کو عملی جامہ پہناتا ہے

مثال: وزیر داخلہ، وزیر لیبر، وزیر صحت، وزیر خارجہ وغیرہ۔

**عدالتی**

**ادارے**

- انکے پاس قوانین کا احترام کروانے کے اختیارات ہیں ، قصورواروں کو سزا دینا، شہریوں کے درمیان جھوٹ اور سچ کے فرق کو ثابت کرنا
- یہ کام ججوں اور مجسٹریٹوں کے زریعے عمل میں آتا ہے

جج قوانین کو لاگو کرنے پر اپنے اختیارات استعمال کرتے ہیں اور عدالتی کیس چلاتے ہیں -




مجسٹریٹوں کی اعلی کونصل CSM ایک ایسی تنظیم ہے جو کہ مکمل طور پر آزاد ہے اور یہ کونصل باقی دونوں ملک کے اختیاراتی اداروں کی آزادی کی گارنٹی فراہم کرتی ہے -



پارلیمنٹ، حکومت اور عدالتی اداروں کے علاوہ

دوسرے ایسے سرکاری ادارے ہیں جو کہ بہت اہم ہیں :

## صدر مملکت



- آئین کا محافظ ہے
- دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات کی صورت میں نمائندگی کرتا ہے
- ہر 7 سال کے بعد اسے منتخب کیا جاتا ہے

موجودہ صدر مملکت سیرجو متاریلا ہیں

# آئینی عدالت



- کسی کی گزارش پر یہ فیصلہ کرتی ہے ، اگر کوئی قانون آئین کے مطابق ہے یا نہیں ۔



- اگر کوئی قانون آئین کے مطابق نہ ہوتو

یہ عدالت اس قانون کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے رد کردیتی ہے ۔

# انتظامیہ

مندرجہ زیل دفاتر انتظامیہ کا حصہ ہیں

- پورے ملک میں شہریوں کی سہولت اور ضروریات کے لیے سرکاری دفاتر

- وزارتیں




- پولیس فورس جو کہ اندرونی دفاع کے لیے استعمال کی جاتی ہے

# مسلح افواج

فوجی طاقت  بیرونی دفاع کے لیے استعمال کی جاتی ہے -

اور یہ مسلح افواج کا حصہ ہے :





- بری فوج
- بحریہ فوج
- ائرفورس
- فوجی پولیس یا کارابنیری

# عوام کی حفاظت

افسران اور سرکاری دفاتر جو کہ

عوام کی حفاظت کے لیے اپنی خدمات پیش کرتے ہیں

ہر صوبے میں مندرجہ زیل دفاتر موجود ہوتے ہیں :

- صوبائی افسر Prefetto → یہ افسر متعلقہ صوبے میں حکومت کا نمائندہ ہوتا ہے اور اسکے احکام پر فوری طور پر عمل کرنا لازمی ہوتا ہے

- پولیس افسر Questore → یہ اعلی افسر صوبے کی تمام تر پولیس کا ذمہدار ہوتا ہے

**اہم فون نمبر**

**پولیس 113** **کارابنیری 112**



# باب 5

# علاقائی انتظامی ڈھانچہ


# علاقائی تنظیم

ریجن

صوبہ

کارپوریشن یا کمونا



# ریجن

ملک کے 20 ریجن ہیں -

یہ ریجن صحت، ٹرانسپورٹ سروس، پانی، توانائی ، لیبر، پروفیشنل تربیت کے اداروں کی سربراہی کرتے ہیں اور ریجن کے الیکشن ہر 5 سال بعد کروائے جاتے ہیں -

ہر ریجن کا ایک گورنر ہوتا ہے اور ایک ریجنل کونصل ہوتی ہے -

Regione Puglia
RegioneLombardia
REGIONE PIEMONTE
REGIONE CAMPANIA

# صوبہ

اٹلی کے 110 صوبے ہیں لیکن انکو 51 صوبوں میں تبدیل کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے ۔
یہ صوبے سیکنڈری ایجوکیشن یا تعلیم، ماحولیات، گند، سڑکیں،

شہری تحفظ اور توانائی کی بچت کے اداروں کی نمائندگی کرتے ہیں ۔

صوبوں کے الکیشن ہر 5 سال بعد کروائے جاتے ہیں ۔

ہر صوبے میں ایک صوبائی صدر اور صوبائی کونصل ہوتی ہے ۔

PROVINCIA DI AREZZO

PROVINCIA DI BOLOGNA

# کارپوریشن یا کمونا

اٹلی کے 8 ہزار 92 کمونے ہیں۔

کارپوریشنیں یا کمونے اپنے علاقے کی سوشل سروس، نرسری سکول، کنڈرگارٹن سکول، کنسٹرکشن، پرائمری اور میڈیم سکول میں تعلیم کے حقوق، رجسٹری کے دفتریا anagrafe، قبرستان، شہر کی حفاظت، کنسٹرکشن کا نظم و ضبط، ٹریفک، بزنس لائسنس، ثقافت اور الیکشن سروس کی سہولیات مہیا کرتے ہیں ۔

کارپوریشن کا الیکشن ہر 5 سال بعد کروایا جاتا ہے ۔

ہر کارپوریشن میں ایک میئر اور کارپوریشن کی کونصل موجود ہوتی ہے ۔



یہ تمام تنظیمیں ( ریجن کا گورنر، صوبے کا صدر، میئر اور ریجنل کونصل، صوبائی کونصل اور کارپوریشن کی کونصل ) عوام کی جانب سے منتخب کی جاتی ہیں

حکومت ہر صوبے میں ایک پریفیتو یا صوبائی افسر تقرر کرتی ہے ،

جس کے اختیارات فوری طور پر عمل میں آجاتے ہیں

# ریجنوں کے نقشے

اٹلی کے 20 ریجن ہیں ۔

ہر ریجن کا ایک **بڑا شہر** ہوتا ہے

**مثال:** پیومونتے ریجن کا

بڑا شہر تورینو ہے

ہر ریجن کو صوبوں میں

تقسیم کیا گیا ہے

مثال: کمپانیا ریجن کو 5 صوبوں میں تقسیم کیا گیا ہے :

اویلینو، بینے وینتو، کازیرتا، ناپولی اور سلیرنو



# La regione Lazio لاسیو ریجن




ریجن کے رہائشی 57 لاکھ 75 ہزار ہیں ،

جس میں غیر ملکیوں کی تعداد 6 لاکھ 15 ہزار ہے ۔

لاسیو رہائشیوں کے لحاظ سے تیسرا بڑا ریجن ہے

اس سے پہلے لومبردیا اور کمپانیا ریجن ہیں ۔

## لاسیو کی انتظامیہ کو 5 صوبوں میں تقسیم کیا گیا ہے

- Rieti ( 73 بلدیات یا کمونے
- Roma ( 121 بلدیات یا کمونے )
- Viterbo ( 60 بلدیات یا کمونے )
- Frosinone ( 91 بلدیات یا کمونے )
- Latina ( 33 بلدیات یا کمونے )


# لاسیو میں آباد یورپین یونین کے غیر ملکیوں کی بڑی کمونٹیاں





# لاسیو میں آباد غیر یورپین ممالک
# کے غیر ملکیوں کی بڑی کمونٹیاں





# روم شہر



روم شہر کے رہائشی 27 لاکھ 43 ہزار 796 ہیں

جن میں غیر ملکی 2 لاکھ 94 ہزار ہیں ۔

میلانو شہر کے بعد روم ایسا شہر ہے ، جس میں غیر ملکی اکثریت میں آباد ہیں ۔




روم اٹلی کا دارالخلافہ ہے جس میں

ملک کا صدر ، حکومت اور پارلیمنٹ موجود ہیں ۔

اسی شہر میں ویٹیکن اسٹیٹ بھی موجود ہے ۔

# روم کی میونسپل کمیٹیاں




روم شہر کو 15 میونسپل کمیٹیوں

میں تقسیم کیا گیا ہے ۔

ہر میونسپل کمیٹی کا ایک صدر ہوتا ہے اور اسکے ( 4 سے 6 ) کونصلر ہوتے ہیں ۔

میونسپل کمیٹیوں کےانتخابات

کارپوریشن کے انتخابات کے ساتھ ہر 5 سال

بعد ہوتے ہیں

میونسپل کمیٹیاں مندرجہ زیل انتظامات کرتی ہیں:




- آبادی کی سروس
- سوشل مدد کی سروس
- تعلیم اور سکول کی سروس
- کھیل، ثقافت اور تفریح کی سروس

اور انکی سرگرمیاں

- شہر کی بحالی و مرمت کی سروس، ثقافتی ورثہ کی سرگرمیاں،

شہری کنسٹرکشن کا طور طریقہ

- تجارت اور کاریگری کے شعبوں میں معاشی ترقی فراہم کرنے کے لیے مواقع پیدا کرنا ۔
- ٹریفک پولیس کی تقریب



# باب نمبر 6

# خاندان

# خاندان کا مطلب کیا ہے ؟

اٹلی کے آئین کے مطابق خاندان ایک
قدرتی معاشرہ ہے ، جس کی بنیاد شادی ہے ۔




ایک ( شادی شدہ ) جوڑا جس کی اولاد نہ ہو ،
اسے بھی ایک خاندان سمجھا جاتا ہے ۔

اٹلی میں شادی شدہ جوڑوں کے علاوہ بہت سارے ایسے خاندان ہیں ، جو غیر شادی شدہ ہونے کے باوجود اکٹھے رہتے ہیں ۔

ان خاندانوں کو مندرجہ زیل ناموں سے پکارا جاتا ہے :




- اگر انکے بچے نہ ہوں تو حقیقی جوڑے یا COPPIE DI FATTO
- اگر انکے بچے ہوں تو حقیقی خاندان یا FAMIGLIE DI FATTO



# میاں بیوی کے حقوق

- ملکر رہنا، مخلص پن، ایک دوسرے کی مدد، وغیرہ وغیرہ ۔

- گھر: جس میں ملکر رہا جاتا ہے ( میاں یا بیوی کو گھر سے باہر نہیں نکالا جا سکتا )

**بیماری کی صورت میں**

میاں بیوی کا حق ہے کہ وہ ہسپتال میں بیمار ہونے کی صورت میں ایک دوسرے کی مدد کرسکیں، علاج ومعالجہ کے سلسلے میں فیصلہ کر سکیں، بیماری کی معلومات حاصل کرسکیں ، وغیرہ وغیرہ۔

## موت کی صورت میں

پنشن حاصل کرنے کا حق، نوکری کا جمع شدہ پراویڈنٹ فنڈ حاصل کرنا، کرایہ کا حق، وراثت کا حق وغیرہ وغیرہ۔

## طلاق کی صورت میں

معاوضہ حاصل کرنے کا حق اور معاشی خرچے کا حق ( جج کے فیصلے کے مطابق )

موجودہ صورتحال کے مطابق شادی شدہ جوڑے کے حقوق
غیر شادی شدہ جوڑے سے مختلف ہیں

**بچوں کے حقوق برابر ہیں**

دونوں صورتوں میں والدین اپنے بچوں کے برابر کے فرائض انجام دیتے ہیں ۔

طلاق یا علیحدگی کی صورت میں بچوں کی دیکھبال کے لیے جج فیصلہ کرتا ہے

# شادی

شادی کے بعد میاں اور بیوی برابر کے
حقوق و فرائض حاصل کرتے ہیں

مثال کے طور پر : دونوں میاں اور بیوی خاندان کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کام

( گھریلو یا پھر باہر کا کام و کاج) کرتے ہیں ، بچوں کی تربیت کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے مخلص رہتے ہیں ۔

میاں اور بیوی کو علیجدگی یا طلاق کا برابر کا حق دیا گیا ہے ۔

اٹلی میں شادی کرنے کے دو طریقہ کار ہیں
- مذہبی شادی
- سول یا سماجی طریقے کی شادی

میاں بیوی کا حق ہوتا ہے کہ وہ اپنی اپنی جائیداد کو علیحدہ رکھیں یا پھر اسے اکٹھا کرلیں


اکٹھی جائیداد یا Comunione dei beni - اس صورت میں شادی کے بعد کمائی ہوئی رقم اور خریدی ہوئی جائیداد خود بخود دونوں کی ملکیت بن جائے گی -

جائیداد کا علیحدہ ہونا یا Separazione dei beni- شادی کے بعد خریدی ہوئی جائیداد اسکے نام ہو گی ، جس نے اسے خریدا ہے -

# اٹلی میں شادی کرنا

جو بھی اٹلی میں شادی کرتا ہے ، چاہے وہ غیر ملکی کیوں نہ ہو اسے اٹالین قوانین پر عمل کرنا ہوتا ہے ۔

- دو غیر ملکیوں کے درمیان شادی : یہ شادی اس وقت ممکن ہوتی ہے ، جب ان میں سے ایک اٹلی میں قانونی طور پر آباد ہو
- ایک اٹالین اور ایک غیر ملکی کے درمیان شادی : اس شادی کے لیے پرمیسو دی سوجورنو کا ہونا لازمی نہیں ، غیر ملکی کے پاس ایک شناختی کارڈ یا اسکے ملک کا پاسپورٹ قابل قبول ہوتا ہے





- اگر دو غیر ملکی جن کے پاس پرمیسو دی سوجورنو موجود نہیں ہے ، یا پھر وہ اٹلی میں رہائش پذیر نہیں ہیں ، انکی شادی اپنے ملک کی ایمبیسی یا پھر کونصلیٹ میں کی جا سکتی ہے ۔

# غیر ملکی کو شادی کے بعد فیملی کی **پرمیسو دی سوجورنو** جاری کی جائے گی ، خواہ یہ غیر ملکی اٹلی میں غیر قانونی طور پر آباد ہو

اٹالین شہریت شادی کے بعد فوری طور پر حاصل نہیں ہوتی



شہریت حاصل کرنے کے لیے

1. شادی کے بعد کم از کم 2 سال انتظار کرنا ہوتا ہے
2. غیر ملکی کے لیے ضروری ہے کہ اسکے پاس کم ازکم 2 سال کا ریذیڈنس موجود ہو ( بچوں کی صورت میں ایک سال کا ریذیڈنس ضروری ہے )

# بچے : حمل



تمام غیر ملکی عورتوں کا حق ہے کہ وہ حاملہ ہونے کی صورت میں مفت ڈاکٹر کے وزٹ اور تجزیے کرواسکیں ( ایکو گرافی، خون ٹیسٹ وغیرہ وغیرہ ) ۔
ہسپتال یا پھر سرکاری خاندانی مشاورت کے ادارے سے رجوع کیا جا سکتا ہے ۔



اٹلی میں موجود قانونی طور پر یا پھر غیر قانونی طور پر آباد غیر ملکی عورتوں کا حق ہے کہ وہ ہسپتال میں جا کر بچہ پیدا کرسکیں ، ان کا حق ہے کہ یہ بچے کی پیدائش سے قبل اور پیدائش کے بعد بھی میڈیکل حقوق سے مستفید ہو سکیں ۔

پرمیسو دی سوجورنو : بچے کی پیدائش کے لیے سوجورنو کا ہونا ضروری نہیں ، اگر آپ غیر قانونی ہیں تو آپ پر پولیس کیس نہیں کیا جائے گا ۔

# بچے : پیدائش

بچے کی پیدائش کے بعد اسکی رجسٹریشن کروانی لازمی ہے

- ہسپتال میں : بچے کی پیدائش کے بعد 3 دنوں کے اندر

کارپوریشن یا کمونے میں : بچے کی پیدائش کے بعد 10 دنوں کے اندر

- رجسٹریشن والدین میں سے ایک کروائے گا ( اگر والدین شادی شدہ ہیں )

- رجسٹریشن دونوں والدین کروائیں گے ( اگر والدین شادی شدہ نہیں ہیں )

ایک ڈاکٹر، دایہ یا پیدائش کے سلسلے میں مدد کروانے والا بچے کی رپورٹ کروا سکتا ہے

**سکول**: نرسری سکول میں 4 ماہ کے بچے داخل کروائے جا سکتے ہیں ۔ ضروری ہے کہ ان بچوں کا اندراج انکی پیدائش سے قبل کروایا جائے ۔ اسکی فیس خاندان کی معاشی حالت یا ISEEکو مدنظر رکھتے ہوئے تہہ کی جاتی ہے ۔



**حفاظتی ٹیکے** : بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگوانا لازمی اور مفت ہے ۔ پہلا ٹیکہ 3 ماہ کی عمر میں لگایا جاتا ہے

اٹلی میں لازمی حفاظتی ٹیکوں میں پیچش، ٹیٹنس، پولیو اور ہیپی ٹائٹس بی وائرس شامل ہیں ۔



باب نمبر 7
کام و کاج

# کام و کاج

تمام شہریوں کا حق ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کے مطابق کام و کاج کرسکیں ۔

اس مقصد کے لیے ملک مندرجہ زیل تحفظات فراہم کرتا ہے

- ایسی تنخواہ حاصل کریں جو کہ برابری کے حقوق کے مطابق ہو اور زندگی گزارنے کے لیے کافی ہو
- ہفتہ وار چھٹی اور سالانہ چھٹیوں پر مبنی ہو
- کام و کاج کے دوران عورتوں اور مردوں میں برابری ہو ۔



- کام کرنے والی عورت کو حاملہ ہونے کی صورت میں یکساں حقوق کی فراہمی
- معزورں کی مدد، بوڑھوں اور کام پر زخمی ہونے والوں کی مدد

اٹلی میں 1970 میں ورکروں کا ایک منشور بنایا گیا تھا ، جس میں ورکروں یا کام و کاج کرنے والوں کے حقوق کا زکر ہے ۔
اسے اٹالین میں **Lo Statuto dei lavoratori** کہتے ہیں ۔
نوکری کرنے والے تمام ملازمین یا ورکروں کے حقوق و فرائض کے سلسلے میں ایک قومی معاہدہ بنایا گیا ہے ، جسے **Contratti Collettivi Nazionali di Lavoro** کہتے ہیں ۔
ہر قسم کے ورکر یا ملازمین کے لیے علیحدہ علیحدہ معاہدہ تہہ پایا ہے ۔ یہ معاہدے وقت کے ساتھ ساتھ رینیو کیے جاتے ہیں اور ان پر نجی اداروں اور مزدور یونین کے نمائندوں کے دستخط کیے جاتے ہیں ۔



- تین قسم کے کنٹریکٹ یا معاہدے کیے جاتے ہیں:

- کسی مالک کے ہاں کام کرنے کا کنٹریکٹ ، جسے *dipendente o subordinato* کہتے ہیں

- باہمی تعاون کے تحت مسلسل کام کرنا

- اپنا بزنس کرنا





## کام و کاج


ملازمت یا نوکری

## کنٹریکٹ کی قسم

- معینہ مدت کا کنٹریکٹ ( یہ معاہدہ تہہ کردہ مدت تک کیا جاتا ہے )
- غیر معینہ مدت کا کنٹریکٹ ( اس معاہدے کی مدت ہمیشہ کی ہوتی ہے )

## کام و کاج کا وقت

- فل ٹائم
- پارٹ ٹائم



ورکروں یا ملازمین کی مثال : اساتذہ، بنک ملازم، مزدور، ڈسپنسر اور وغیرہ وغیرہ ۔

| | |
|---|---|
| کام و کاج | باہمی مسلسل تعاون |
| کنٹریکٹ کی قسم | کام کے مالک اور ملازم کے درمیان باہمی تعاون جو کہ کسی پروگرام کے تحت عمل میں آئے |
| کام کا وقت | اس کنٹریکٹ میں وقت کی قید نہیں ہوتی ( اس کنٹریکٹ میں منصوبےکو مکمل کرنے کی مدت کو اہمیت دی جاتی ہے ) |

مثال ۔ کال سنٹر کے ملازمین

| | |
|---|---|
| زاتی کام یا بزنس | کام و کاج |
| اس قسم کے کام میں ورکر کا مالک نہیں ہوتا اور وہ اپنے گاہکوں کو سروس مہیا کرنے میں مصروف ہوتا ہے | کنٹریکٹ کی قسم |
| ورکر خود وقت کا تعین کرتا ہے | کام کا وقت |

دکانداروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ دکان کو کھولنے اور بند کرنے کے اوقات پر عمل کریں

مثال: کاریگر، دکاندار، آزاد ہنر مند وغیرہ وغیرہ۔

# مزدور یونین یا سنڈیکٹ

اٹلی کے آئین نے تمام ورکروں اور ملازمین کو یہ حق دیا ہے کہ وہ اپنے حقوق کی خاطر مزدور یونین کی صورت میں متحد ہو سکیں اور اپنے معاشی مفاد کی سرپرستی کرسکیں ۔

مزدور یونین کا سب سے بڑا احتجاج کا زریعہ ہڑتال ہے ، جس کے مطابق وہ کام کے اوقات کے دوران کام نہیں کرتے ۔



اٹلی کی سب سے بڑی مزدور یونینیں ان کے نام اور انکے کارڈ ہولڈروں کی تعداد مندرجہ زیل ہے :

| | | | |
|---|---|---|---|
| **CGIL** | **CISL** | **UIL** | **UGL** |
| 6.300.000 | 4.500.000 | 2.200.000 | 1.100.000 |
| سی جی ای ایل | چیزل | ویل | یو جی ایل |

مزدور یونینیں کارڈ ہولڈر یا کارڈ کے بغیر والے ورکروں کو سروس مہیا کرتی ہیں

مثال: پنشن کے کاغذات کی تیاری ، ٹیکس، قانونی مشاورت، پاترروناتی کی سروس وغیرہ وغیرہ۔

## Centri per l'impiego ( C.P.I ) روزگار تلاش کرنے کے دفاتر یا

سی پی آئی دفاتر لوگوں کے لیے کام تلاش کرنے مدد کرتے ہیں ۔




سی پی آئی دفاتر ان لوگوں کی مدد کرتے ہیں ، جن کا اندراج انکے دفتر میں ہوتا ہے ، یہ دفتر ورکر کا انٹرویو کرتا ہے اور اسے کام لیے تیار کرتا ہے ، ورکر کی تربیت کی جاتی ہے اور ورکر جب بے روزگار ہوتا ہے تو ایک عرصے کو مدنظر رکھتے ہوئے اسکے لیے کام تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔

اس دفتر کی تمام تر معلومات حاصل کرنے کے لیے مفت گرین نمبر 800-818-282 موجود ہے



کسی بھی اپنے بزنس کے لیے مندرجہ زیل لوازمات ضروری ہیں :
1- آپکو پارتیتا ایوا یا PARTITA IVA کھلوانا ہو گا
2- علاقے کے چیمبر آف کامرس یا Camera di Commercio کے انٹرپرائزر رجسٹڑ میں اندراج کروانا ہو گا
3- آپکو انپس یا INPS کے دفتر میں پنشن اور پراویڈنٹ فنڈ وغیرہ کے لیے اندراج کروانا ہو گا
4- آپکو INAIL کے دفتر میں اندراج کروانا ہو گا ( اگر ضروری ہے )
5- کمونے کو اپنے کاروبار کے شروع کرنے کے بارے میں بتانا ہو گا ، تاکہ وہ گند پھینکنے کا ٹیکس یا بل شروع کر سکیں
چیمبر آف کامرس کے دفتر میں کاروبار کے دفتر کے لیے مندرجہ زیل ایڈریس اور انٹرنیٹ کی سائٹ ہے

اس کا دفتر چیمبر آف کامرس میں موجود ہے .
: **Camera di Commercio** Via Capitan Bavastro, 116 - Roma Sito internet: **www.rm.camcom.it/**


باب نمبر 8
تعلیم کا نظام، تربیت، اعلی تعلیم

# تعلیم کا نظام

## اٹلی میں 6 سال سے 16 سال کی عمر تک تعلیم لازمی ہے




14 سال کی عمر میں ، میڈیم سکول کے بعد ، طالب علم پیشہ وارنہ تربیت ( 3 سال ) تک کرسکتا ہے ، جوکہ ریجن کی جانب سے کروائی جاتی ہے ۔ اس کورس سے طالب علم کو پروفیشنل کوالیفائڈ قرار دیا جاتا ہے اور اس کورس کو لازمی تعلیم کے برابر سمجھا جاتا ہے ۔



**نرسری سکول** کارپوریشن کے اس سکول میں 0 سے 3 سال کےبچےموجود ہوتے ہیں



**کنڈر گارٹن سکول** یہ کارپوریشن و مملکت کے ہوتے ہیں ، یہاں 3 سے 5 سال کے بچے موجود ہوتے ہیں



**پرائمری سکول** یہاں 6 سے 10 سال کے بچے ہوتے ہیں ، یہاں 5 کلاسیں ہوتی ہیں



**سیکنڈری سکول درجہ اول** یہاں 11 سے 14 سال کے بچے ہوتے ہیں ، 3 کلاسیں ہوتی ہیں ، تیسری کلاس کے بعد سرکاری امتحان دیا جاتا ہے ۔



**سیکنڈری سکول درجہ دوئم** یہاں 14 سے 18 سال کے طالب علم ہوتے ہیں، 5 کلاسیں ہوتی ہیں اور آخری سال کے بعد سرکاری امتحان پاس کرنا لازمی ہوتا ہے



**اطلاع**

نرسری اور کنڈر گارٹن سکولوں کو materne سکول کہہ کر پکارا جاتا ہے ۔
پرائمری سکول کو elementari کہہ کر پکارا جاتا ہے ۔
سیکنڈری سکول درجہ اول کو scuola media کہہ کر پکارا جاتا ہے ۔
سیکنڈری سکول درجہ دوئم کو scuola superiore کہہ کر پکارا جاتا ہے ۔

# سیکنڈری سکول درجہ دوئم میں ہائی سکول یا liceo، ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ اور پروفیشنل انسٹی ٹیوٹ شامل ہیں

- ہائی سکول یا liceo ڈپلومہ جاری کرتے ہیں ، جس کے زریعے یونیورسٹی میں داخلہ لیا جاتا ہے
- ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ کے ڈپلومہ کے زریعے یونیورسٹی کے علاوہ مہارتی کام بھی تلاش کیا جا سکتا ہے ۔



- پروفیشنل انسٹی ٹیوٹس 3 سال بعد ڈپلومہ جاری کرتے ہیں ، انکی پیشہ وارانہ قابلیت کے زریعے بہتر کام تلاش کیا جا سکتا ہے ۔ یہی سکول 5 سال کی تعلیم کے بعد جو ڈپلومہ جاری کرتے ہیں ، اس سے یونیورسٹی میں داخلہ لیا جا سکتا ہے اور مہارتی کام بھی تلاش کیا جا سکتا ہے

# اعلی ٹیکنیکل تعلیم



**یہ تعلیم میڈیم سکول کے بعد حاصل کی جاتی ہے ، اس تعلیم کے زریعے طلبہ کو پروفیشنل اور اسپیشلٹ پیشہ ور افراد بنایا جاتا ہے . یہ کورس یورپین یونین یعنی EQF (Quadro Europeo delle Qualifiche) کی جانب سے منظور شدہ ہے .**

- اس کورس کی مدت 2 سال ہوتی ہے اور اسے 4 سہ ماہیوں میں تقسیم کیا گیا ہے . یہ کورس 2000 گھنٹوں پر مبنی ہوتا ہے .
- اس کورس میں داخلہ لینے کے لیے ایک مقابلے کا ٹیسٹ دیا جاتا ہے .
- ITS سنٹر فاؤنڈیشن کی جانب سے منظم کیے جاتے ہیں اور ان کا حوالہ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ ہوتا ہے .

# CTP کے مستقل ضلعی مراکز

یہ مراکز اٹالین اور غیر ملکیوں کے لیے بنائے گئے ہیں، ان کے زریعے تعلیم کی سند یا ڈپلومہ حاصل کیا جاتا ہے ۔ اس سند سے اٹالین معاشرے میں مل جل کر رہنے کے لیے مدد ملتی ہے اور کام و کاج کے سلسلے میں بھی یہ سند میسر ثابت ہوتی ہے ۔

سی ٹی پی کے ادارے سکولوں میں موجود ہوتے ہیں ، ان سکولوں میں بالغ غیر ملکی ، عورتیں اور مرد ، بے روزگار اور کام کرنے والے غیر ملکی داخلہ لے سکتے ہیں ، سی ٹی پی کے تعلیم بالغاں کے پروگرام کے مطابق غیر ملکی جلد اٹالین سیکھنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں ۔

CTP کے ادارے میں مندرجہ زیل انتظامات ہوتے ہیں :
۔ سوکس ایجوکیشن کی کلاس لی جاتی ہے ۔
۔ اٹالین زبان کا مفت کورس A1 A2 B1 B2 C1 C2 کروایا جاتا ہے اور اسکا سرٹیفیکٹ بھی جاری کیا جاتا ہے ۔
۔ اٹالین زبان کے کورس A2 کا سرٹیفیکٹ جاری کیا جاتا ہے ، جس پر سی ٹی پی کے ڈائریکٹر کی مہر لگی ہوتی ہے ، اس سرٹیفیکٹ کی موجودگی میں یا اٹالین زبان کا ٹیسٹ نہیں دیا جاتا ۔



# یونیورسٹی



یونیورسٹی میں 3 اقسام کی ڈگریاں ہوتی ہیں :

1- یونیورسٹی ڈگری، یہ ڈگری یا سند 3 سالوں میں حاصل کی جاتی ہے

2- ایم ایس سی کے ماہر کی ڈگری ، جوکہ 2 سالوں میں حاصل کی جاتی ہے -

3- پی ایچ ڈی کی ریسرچ کی ڈگری ، اسپیشلائزیشن کا کورس، سیکنڈ لیول کا ماسٹر ڈگری کورس







# باب 9

# صحت کا سسٹم

# صحت کا قومی ادارہ

تمام شہریوں کا فرض ہے کہ وہ صحت کے محکمے میں اپنا اندارج کروائیں
یہ اندراج مندرجہ زیل حقوق فراہم کرتا ہے :



- اپنے خاندان کے ڈاکٹر کا انتخاب
- ڈسپنسری میں علاج معالجہ کروانا
- دوائیاں حاصل کرنے کے لیے ڈاکٹر سے رسید پردوائیوں کا لکھوانا
- اسپیشلسٹ وزٹ کا لکھوانا

مثال : یعنی ڈینٹسٹ، جیناکولوجی، آنکھوں کا وزٹ، بچوں کا وزٹ وغیرہ ۔



- چیک اپ ، آنالیزی یا تجزیے
- ہسپتال کی سروس

غیر ملکی صحت کے محکمے یا SSN میں اپنا اندراج کروا سکتے ہیں:


•اگر غیر ملکی کے پاس پرمیسو دی سوجورنو ہے اور وہ ریگولر کام کر رہا ہے یا پھر اس کا اندراج بے روزگاری کے محکمے میں موجود ہے ۔




•اگر غیر ملکی کے پاس پرمیسو دی سوجورنو ہے یا پھر اسکی سوجورنو رینیو ہونے کے لیے جمع ہے ، یا پھر وہ غیر ملکی جنہوں نے سیاسی پناہ کے لیے درخواست دی ہے :

اندراج کے لیے مندرجہ زیل لوازمات ضروری ہیں :
•پرمیسو دی سوجورنو یا پھر سوجورنو کے رینیو ہونے کی رسید
•ریذیڈنس کا حلفیہ بیان یا پھر رہائش ہونے کی گواہی
•کودیچے فسکالے یا codice fiscale کا حلفیہ بیان

وہ غیر ملکی جو کہ اٹلی میں غیر قانونی ہیں ، یا پھر انکی سوجورنو ختم ہو چکی ہے ان کا حق ہے کہ یہ صحت کی سہولت حاصل کرسکیں ۔



وہ غیر ملکی جو کہ غیر قانونی ہیں ، یا پھر انکے پاس ویلڈ پاسپورٹ نہیں ، اٹلی کا صحت کا ادارہ ASL انہیں ایک کارڈ فراہم کرتا ہے ، جسے STP یا Straniero in Permanenza Temporanea کہتے ہیں ، اس کارڈ کا مطلب ہے ، وہ غیر ملکی جو کہ اٹلی میں قلیل عرصہ کے لیے آباد ہے

## STP کارڈ سے مندرجہ زیل حقوق حاصل ہوتے ہیں :

• آمبولاتوریو یا ڈسپنسری سے علاج و معالجہ کروانا ، ہسپتال سے ارجنٹ علاج کروانا ، اگر غیر ملکی بیمار ہے یا وہ زخمی ہو گیا ہے تو اس صورت میں لمبا علاج بھی کروایا جا سکتا ہے ۔



• احتیاطی دوائیاں ( ضروری ٹیکے لگوانا ) خاص طور پر اگر کوئی کمسن ہے ۔

• حاملہ ماں کی صورت میں بچے کی پیدائش اور اس سے پہلے کے عرصے کے دوران ٹیسٹ وغیرہ

# کارڈ STP

- اس کارڈ سے غیر ملکی کی شناخت خفیہ رکھی جاتی ہے
- اس کارڈ کی مدت 6 ماہ ہے ( اسے رینیو کروایا جا سکتا ہے )


REGIONE LAZIO
ASSESSORATO SALVAGUARDIA E CURA DELLA SALUTE

Codice Identificativo: STP120918

*Data di 1° accesso: ___ ___/200_*

- یہ کارڈ صرف اٹلی میں ویلڈ ہے

- اس کارڈ کی شناخت کرنے کے لیے ایک کوڈ استعمال ہوتا ہے

جب یہ کارڈ بنایا جاتا ہے تو اسکی رپورٹ پولیس وغیرہ کو نہیں دی جاتی

# خاندانی مشاورت کی کونصل یا Il consultorio familiare

خاندانی مشاورت کی کونصل سرکاری ادارہ ہے جو کہ سوشل اور میڈیکل مسائل کا حل تلاش کرتا ہے ، اس ادارے میں عام طور پر عورتیں ، میاں بیوی ، بچے اور کمسن بچے مدد حاصل کرتے ہیں ۔

یہ سروس احتیاط پر مبنی ہوتی ہے اور مکمل طور پر **مفت** دی جاتی ہے ۔



خاندانی مشاورت کی کونصل کونسی سروس مہیا کرتی ہے :

• اگر آپ نے بچہ پیدا کرنا ہے ، تو اس صورت میں تجاویز اور ذمہداری کی مشاورت

• حمل کے متعلق بات چیت اور حمل کے متعلق آپریشن وغیرہ

• ہم بستری کے متعلق نفسیاتی مشاورت

• اگر حمل خطرے میں ہے ، بچہ صحت مند نہیں ہے، یا پھر معزور پیدا ہوسکتا ہے تو اس صورت میں مشاورت

- میاں بیوی میں جب بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت موجود نہ ہو تو اس صورت میں معلومات
- اپنی مرضی سے بچہ ضائع کروانے کا طریقہ کار یا پھر (*I.V.G.*)- چاہے ماں کم سن ہو ۔ اس صورت میں سوشل اور نفسیاتی معلومات اور مشاورت

- عورت کی پیشاب والی جگہ کو کینسر سے بچانے کی مشاورت



مثال : ڈاکٹر کا وزٹ، PAP test یا پاپ ٹیسٹ، عورت کی چھاتی کا ٹیسٹ اور چھاتی کا خود ٹیسٹ کرنے کا طریقہ کار

- حمل کا کنٹرول کروانا اور بچے کی پیدائش سے پہلے کورس کرنا

# Il pronto soccorso یا ایمرجنسی

118

ایمرجنسی کی صورت میں پرونتو سوکورسو کے نمبر 118پر ٹیلی فون کیا جاتا ہے ۔ یہ کال آپ فکس نمبر سے یا موبائل سے کرسکتے ہیں ۔ چند منٹوں میں آپکی جگہ پر ایمبولینس پہنچ جائے گی ۔




آپ براہ راست بھی ایمرجنسی وارڈ میں جا سکتے ہیں ، اگر آپ سخت بیمار ہیں یا زخمی ہیں تو اس صورت میں ہسپتالوں میں موجود ایمرجنسی وارڈ سے رابطہ کرسکتے ہیں ۔

جب آپ کسی ایمرجنسی وارڈ میں جائیں گے تو آپ کی حالت دیکھ کر ایک رنگدار کوڈ جاری کیا جائے گا ۔ یہ کوڈ یا نمبر مریض کی حالت کے مطابق ہوتا ہے

**CODICE ROSSO** اسے سرخ کوڈ کہتے ہیں اور اس صورت میں فوری طورپر آپریشن روم میں لے جایا جاتا ہے

**CODICE GIALLO** پیلا کوڈ ، ( ارجنٹ ) اس صورت میں بھی ایمرجنسی ہوتی ہے اور مریض کو 10 سے 15 منٹ میں آپریشن روم میں پہنچانا لازمی ہوتا ہے

**CODICE VERDE** سبز کوڈ ، ( ارجنٹ لیکن جلدی کے بغیر ) اس صورت میں زندگی خطرے میں نہیں ہوتی

**CODICE BIANCO** سفید کوڈ ، اس صورت میں ایمرجنسی نہیں ہوتی




# باب نمبر 10

## درست کاغذات

# درست یا ویلڈ کاغذات

- اٹلی میں اہم اور ضروری کاغذات مندرجہ زیل ہیں :
- شناختی کارڈ یا (C.I.) la *Carta di Identità*
- ٹیکس نمبر جسے کودیچے فسکالے کہتے ہیں (C.F.) il *Codice Fiscale*
- ڈرائیونگ لائسنس (PAT.) la *Patente di guida*

ان کے علاوہ بھی اہم کاغذات موجود ہیں ، جن میں صحت کا کارڈ اور پاسپورٹ شامل ہیں ۔



# la *Carta di Identità* (C.I.) شناختی کارڈ یا




شناختی کارڈ زاتی پہچان کی دستاویز ہے ۔ اس میں شہری کی زاتی تفصیلات، ازدواجی حیثیت، قومی شہریت، پیشہ اور دوسری معلومات موجود ہوتی ہیں ۔

شناختی کارڈ 10 سال تک ویلڈ ہوتا ہے ، ملک سے باہر جانے کے لیے شناختی کارڈ استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

وہ غیر ملکی جو کہ اٹلی میں قانونی طور پر آباد ہے ، وہ اٹلی کا شناختی کارڈ بنوا سکتا ہے ۔

شناختی کارڈ یا la *Carta di Identità* (C.I.) بنوانے کے لیے آپ کو اپنے ریذیڈنس والے کمونے یا کارپوریشن کے دفتر anagrafe میں جانا ہوتا ہے ۔ جہاں آپ کو 3 تصویریں، اپنی شناخت کا کوئی کاغذ یا پاسپورٹ، پرمیسو دی سوجورنو جسکی میعاد ختم نہ ہوئی ہو ۔ پہلی دفع اٹلی میں آنے کی صورت میں این او سی یا نلا اوستا اور تھانے میں جمع کردہ کاغذات کی رسید دی جاتی ہے ۔



# Il Codice Fiscale کودیچے فسکالے




کودیچے فسکالے ایک کارڈ ہے ، جس کے زریعے شہری کے ٹیکس اور انتظامیہ کے امور کی معلومات حاصل کی جاتی ہیں ۔

کودیچے فسکالے کارڈ حاصل کرنے کے لیے ٹیکس کے دفتر agenzia delle entrate میں جانا ہوتا ہے ۔ کارڈ بنوانے کے لیے پرمیسو دی سوجورنو اور پاسپورٹ کی فوٹوکاپی درکار ہوتی ہے ،

# La Patente di guida ڈرائیونگ لائسنس




سڑک پر گاڑی یا موٹرسائیکل چلانے کے لیے ڈرائیونگ لائسنس استعمال کیا جاتا ہے -

ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لیے تھیوریکل اور پریکٹیکل امتحان دیا جاتا ہے -



**ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کا امتحان** ۔ اسے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے :

- تھیوریکل امتحان میں سڑک کے اصول، درست رویوں کی پہچان وغیرہ وغیرہ شامل ہیں ۔
- گاڑی چلانے کا پریکٹیکل ٹیسٹ

تھیوریکل امتحان کے دوران 40 سوال کیے جاتے ہیں ، ہر سوال کا صرف ایک جواب دیا جاتا ہے اور جواب میں vero o falso ( سچ یا جھوٹ ) لکھا جاتا ہے ۔
ان 40 سوالات میں سے 36 کا جواب صحیح دینا لازمی ہوتا ہے ( 4 سے زیادہ غلطیاں نہیں کی جا سکتیں )



# ڈراوئیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لیے Motorizzazione کے دفاتر میں امتحان دیا جاتا ہے ۔

•لوازمات:

•اپنی 2 تازہ ترین شناختی کارڈ سائز کی تصاویر ، ان میں سے ایک تصویر توثیق شدہ ہونا لازمی ہے ۔

•میڈیکل سرٹیفیکٹ جس پر ڈاک کی ٹکٹ یا bollo لگی ہو ( اور اسکی فوٹوکاپی ) ، اس پر آپکی تصویر لگی ہوئی ہو، اسکی مدت 3 ماہ سے زیادہ پرانی نہیں ہونی چاہئے ، یہ سرٹیفیکٹ لائسنس یافتہ ڈاکٹر سے بنا ہوا ہو۔

•ایک ایسی توثیق یا اٹیسٹیشن جس سے یہ ثابت ہو کہ آپ نے 24،00 یورو کرنٹ اکاؤنٹ c/c 9001 میں جمع کروائے ہیں اور اسکے علاوہ 14،62 یورو کرنٹ اکاؤنٹ c/c 4028 میں جمع کروائے ہیں ۔

•غیر یورپین شہریوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ درخواست کے ساتھ اپنی پرمیسو دی سوجورنو یا پرمیسو دی سوجورنو کی تجدید کی رسید نتھی کریں ، پہلی بار سوجورنو حاصل کرنے والوں کو جو رسید دی جاتی ہے ، اسے بھی درخواست کے ساتھ نتھی کیا جا سکتا ہے ۔

# باب 11
# رہائش



# کرایہ پر عمارت حاصل کرنا/ 1




عمارت کو کرایہ پر حاصل کرنے کے لیے دو قسم کے معاہدے کیے جاتے ہیں ۔ ایک کو آزاد کرایہ کا معاہدہ یا canone libero کہتے ہیں اور دوسرے کو کرایہ پر اتفاق کا معاہدہ یا canone concordato کہتے ہیں ۔

آزاد کرایہ کا معاہدہ یا canone libero کہتے ہیں ۔ اس معاہدے میں مالک مکان اور کرایہ دار کے مابین آزادانہ طور پر ماہانہ کرایہ کی قیمت تہہ کی جاتی ہے ۔ اس معاہدے کی کم از کم معینہ مدت 4 سال ہوتی ہے اور 4 سال گزر جانے کے بعد یہ معاہدہ خود بخود مزید 4 سالوں کے لیے رینیو ہوجاتا ہے ( بشرطیکہ پہلے 4 سال گزر جانے کے بعد مالک مکان کو زاتی ضرورت کے لیے مکان درکار ہو یا پھر اس نے اسے فروخت کرنا ہو ----- ) ۔

# کرایہ پر عمارت حاصل کرنا/2

کرایہ پر اتفاق کا معاہدہ یا canone concordato : اس قسم کے معاہدے میں کرایہ کی ماہانہ قیمت علاقے کی کرایہ داروں کی تنظیم اور مالک مکانوں کی تنظیم کے مابین تہہ پاتی ہے ۔
دونوں کو ٹیکسوں کی صورت میں بچت ہوتی ہے ۔
اس معاہدے کی معینہ مدت 3 سال ہوتی ہے اور اسکے بعد اسے خود بخود مزید 2 سالوں کے لیے رینیو کردیا جاتا ہے ۔ اس معاہدے میں بھی مالک مکان کو زاتی ضرورت کے لیے مکان درکار ہو یا پھر اس نے اسے فروخت کرنا ہو تو اس صورت میں تین سالوں بعد مالک مکان گھر واپس لے سکتا ہے ۔

دونوں معاہدے دستخط کرنے کے بعد 30 دنوں کے اندر ٹیکسوں کے دفتر agenzia delle entrate میں درج کروائے جاتے ہیں ۔ 2 فیصد کا سالانہ کرائے کا ٹیکس یا imposta مالک مکان اور کرایہ دار کے درمیان شروع ہوجاتاہے ۔ اسے ادا کرنے کے لیے بنک یا ڈاک خانے جانا ہوتا ہے اور اسے ادا کرنے کے لیے فارم modulo f23 استعمال کیا جاتا ہے ۔




# عمارت خریدنا

عمارت خریدنے والا عمارت کے مالک کو خریدنے کی تجویز پیش کرتا ہے۔
۔ اگر اسکی تجویز مالک مکان کے لیے قابل قبول ہے تو اسکے بعد پہلا فرضی معاہدہ یا contratto preliminare لکھا جاتا ہے ، اسے عمارت کی فروخت کا ارادہ بھی کہتے ہیں ، اسکے بعد ایک بیانہ یا caparra دیاجاتا ہے ۔
۔ عمارت کی خرید و فروخت کا اصل معاہدہ نوٹری پبلک یا notaio کے سامنے لکھا جاتا ہے ( نوٹری پبلک ایک سرکاری نمائندے کے طور پر معاہدے کی گارنٹی دیتا ہے اور اسے درست قرار دیتا ہے ) ۔ خرید و فروخت کے اس ایکٹ کو rogito کہتے ہیں ۔ عمارت یا مکان خریدنے والا وہ تمام رقم ادا کرتا ہے جو کہ اس نے فرضی معاہدے کے دوران تہہ پائی تھی ۔
۔ جائیداد کی خرید و فروخت پر ٹیکس ادا کیے جاتے ہیں ۔





# باب نمبر 12
# سوشل سیکورٹی کا سسٹم

# سوشل سیکورٹی کا نظام

پنشن کا نظام یا سسٹم اپنے وسائل مندرجہ زیل افراد کو منتقل کرتا ہے:

- وہ افراد جنہوں نے اپنی زاتی عمر پوری ہونے پر کاروبار یا نوکری کرنا ختم کردیا ہے ۔ اسے pensioni di vecchiaia یا بڑھاپے کی پنشن کہتے ہیں ۔




- وہ افراد جنہون نے ساری عمر کام کرتے ہوئے پنشن کے ٹیکس یا contributi جمع کروادیے ہیں ۔ اسے pensioni di anzianità یا کام کی عمر پوری ہونے کی پنشن کہا جا سکتا ہے ۔

• وہ افراد جو کہ کسی وجہ سے کام کرنے کے قابل نہیں رہے ۔ اسے pensioni di invalidità یا معزور پن کی پنشن کہتے ہیں ۔

• ایسے افراد جو کہ کام سے منسلک تھے اور انکی موت واقع ہو گئی ، اس صورت میں مرنے والے کے رشتہ دار کو پنشن دی جاتی ہے ۔ اسے pensioni ai superstiti یا پسماندگان کی پنشن کہتے ہیں ۔

• ایسے افراد جن کا آمدنی کا زریعہ نہیں اور وہ کام کرنے کے قابل نہیں ۔ انکو pensioni assistenziali یا مدد کی پنشن دی جاتی ہے ۔

پنشن کا سسٹم اس خرچے سے چلتا ہے جو کہ ورکر اور کام کے مالکان اپنے پراویڈنٹ فنڈ کے زریعے پنشن کے سرکاری دفتر میں جمع کرواتے ہیں ۔

پراویڈنٹ فنڈ انپس کے دفتر میں جمع ہوتا ہے جسے I.N.P.S. (Istituto Nazionale Previdenza Sociale) کہتے ہیں ۔ چند ایسی کیٹاگری کے کام ہیں ، جن کی پنشن دوسرے اداروں میں جمع ہوتی ہے ۔

## pensioni di vecchiaia یا بڑھاپے کی پنشن کے لیے ضروری ہے کہ



- فرد نے 20 سال تک پنشن کے فنڈ جمع کروائے ہوں۔
- یکم جنوری 2018 تک اسکی عمر 66 سال اور 3 ماہ ہوجائے ( یہ شرط خواتین اور مردوں کے لیے یکساں ہے ) اپنا بزنس کرنے والے بھی اس شرط میں شامل ہیں ۔

# pensioni di anzianità یا کام کی عمر پوری ہونے کی پنشن کے لوازمات

- درخواست دہندہ نے 31 دسمبر 1995 سے قبل پراویڈنٹ فنڈ جمع کروانا شروع کر دیا ہو ۔

- اگر آپ نے عورت ہونے کی صورت میں 41 سال اور چھ ماہ کے فنڈ اور مرد ہونے کی صورت میں 42 سال کے پنشن کے فنڈ جمع کروادیے ہوں ۔



پراویڈنٹ فنڈ کی رقم آپ کے ٹیکسوں سمیت والی تنخواہ یعنی lordo سے 33 فیصد جمع کروائی جاتی ہے ۔ اس فنڈ میں سے 1/3 حصہ ورکر کے نے جمع کروانا ہوتا ہے اور 2/3 حصہ کام کا مالک جمع کرواتا ہے ۔

# اینائل I.N.A.I.L.

اینائل یا .I.N.A.I.L ایک سوشل سیکورٹی کا سرکاری ادارہ ہے - جو کہ *Istituto Nazionale contro gli infortuni sul lavoro* کا مخفف ہے - اسے ہم اردو میں کام پر چوٹ لگنے یا زخمی ہونے کا قومی انسٹی ٹیوٹ کہہ سکتے ہیں



انشورنس کے نقطہ نظر سے وہ تمام لوگ جو کہ کام کے دوران ایکسیڈنٹ کا شکار ہوتے ہیں -



اسکی انشورنس لازمی ہے اور انشورنس کی رقم کا تعین شعبوں کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے ۔
ان شعبوں میں صنعت، دستکاری، کمرشل اور دوسرے ادارے شامل ہیں ۔



اس انشورنس کی تمام تر رقم کام کا مالک ادا کرتا ہے ۔ صرف چند معاہدوں میں یعنی collaborazione a progetto یا منصوبے کی معینہ مدت کے دوران تعاون کے کنٹریکٹ کی صورت میں ورکر تمام انشورنس کی رقم سے 1/3 فیصد ادا کرتا ہے ۔





# باب 13
# ٹیکسوں کانظام

# ٹیکسوں کانظام

اٹلی کی مملکت اور مقامی ادارے ( ریجن، صوبہ، کارپوریشن ) عوام کی سہولت کے لیے سروس یا خدمات مہیا کرتے ہیں ۔ یہ خدمات عوام کے ٹیکسوں کی بدولت عمل میں آتی ہیں ۔

ٹیکس: یہ صرف اس صورت میں ادا کیے جاتے ہیں ، جب آپ کوئی کام و کاج کریں ۔



مثال: ہتھیار رکھنے کا لائسنس، شکار کا لائسنس، سرکاری جگہ کا استعمال

جائیداد کے ٹیکس یا imposte ؛ شہری کی جائیداد کے عوض ان ٹیکسوں کی رقم کا تعین کیا جاتا ہے ، ان ٹیکسوں کا تعلق شہری کے کام و کاج سے منسلک نہیں ۔

• براہ راست جائیداد کے ٹیکس یا imposte dirette ؛ یہ ٹیکس شہری کی جائیداد سے براہ راست حاصل کیے جاتے ہیں ۔

مثال: IRPEF ایسا ٹیکس ہے جو کہ شہری اپنے زاتی کام کی بدولت جمع کرواتا ہے ، IRES ایسا ٹیکس ہے جو کہ نجی ادارے اپنے کام کی بدولت جمع کرواتے ہیں ، IMU یہ ٹیکس عمارت اور گند پھینکنے کی صورت میں جمع ہوتا ہے ، وغیرہ وغیرہ۔

• بالواسطہ ٹیکس یا imposte indirette : یہ ٹیکس جائیداد کی منتقلی کی صورت میں جمع کروائے جاتے ہیں ۔

مثال: ایوا، ڈاک کی ٹکٹ یا

IVA, Inp. di Registro, Bollo وغیرہ۔

•اپنا بزنس کرنے کی صورت میں لازمی ٹیکس جمع کروانا

•جسمانی صحت کے ٹیکس : کام یا بزنس کے دوران رسک اور معزور ہونے کے خطرات سے نبھٹنے کے لیے ٹیکس جمع کروانا۔ جسے Contributi assistenziali کہتے ہیں ۔

مثال : انپس اور اینائل INPS, INAIL

•پنشن کا ٹیکس: یہ ٹیکس یا فنڈ پنشن حاصل کرنے کے لیے جمع کروایا جاتا ہے ، اسے Contributi previdenziali کہتے ہیں ۔

مثال: انپس، انداپ

INPS, INPDAP

سالانہ بچت کا بیان : اس فارم کے زریعے شہری ٹیکسوں کے دفتر کو واضع کرتا ہے کہ اس نے سال میں کتنی بچت کی ہے ۔ اپنی بچت کے مطابق اسے ٹیکس ادا کرنا ہوتے ہیں ۔ اسے

La dichiarazione dei redditi کہتے ہیں ۔

سالانہ بچت کا بیان ایک فارم Modello 730 کے زریعے پر کیا جاتا ہے اور اسے 2 مئی کے اندر اپنے کام کے مالک یا کاف

CAF (Centro di Assistenza Fiscale)کے سپرد کیا جاتا ہے ۔



ہر سال 15 مارچ کے روز کام کا مالک اپنے ملازم کو CUD ( certificato Unico Dipendente) دیتا ہے ، جس میں لکھا ہوتا ہے کہ ملازم نے گزشتہ سال میں کتنی بچت حاصل کی ہے ۔

کوڈ یا CUD کو فارم il Modello 730 کے ساتھ نتھی کیا جاتا ہے ۔ اس فارم میں یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ ملازم نے دوسری کونسی بچت یا نفع حاصل کیا ہے ( جائیداد، دوسرا کام و کاج، کرایہ حاصل کرنا وغیرہ )

مندرجہ زیل افراد فارم il Modello 730 نہیں بھریں گے :

• وہ افراد جو کہ ملازمت کی صورت میں بچت کرتے ہیں ، پنشن شدہ بھی یہ فارم پر نہیں کریں گے ۔

•معزور، جنگ کرنے کی وجہ سے پنشن حاصل کرنے والے وغیرہ



# خدمات/ شرح



پانی



فکس

ٹیلی فون



کھانے پکانے کی گیس

اور ہیٹر سسٹم



برقی

توانائی

اداروں کی طرف سے ضروری خدمات مختلف طویقوں سے پیش کی جاتی ہیں ۔ خدمات حاصل کرنے کے لیے ایک معاہدے تہہ پایا جاتا ہے ۔ معاہدہ یا تو ٹیلی فون کے زریعے کیا جاتا ہے یا پھر آپ کو متعلقہ دفتر میں جانا ہوتا ہے ۔

خدمات پیش کرنے والے معاہدے میں لکھا ہوتا ہے کہ آپ نے بل کی رقم کیسے ادا کرنی ہے ۔

بلوں کی رقم یا شرح جو کہ پانی، بجلی اور گیس کی صورت میں جمع کروائی جاتی ہے ، اسے tariffa کہتے ہیں ۔ خدمات کے بلوں کی رقم کا انحصار کچھ تو مرکزی ادارے کی جانب سے تہہ پاتا ہے اور باقی وہ ادارہ تہہ کرتا ہے جو کہ سروس مہیا کرتا ہے ۔



شہری گند

شہری گند ایک ٹیکس کے زریعے ادا کیا جاتا ہے اور یہ لازمی ٹیکس قرار دیا گیا ہے ۔ جب آپ کسی بھی جگہ پر رہائش یا کام کرتے ہیں تو اسکے عوض آپکو گند کا ٹیکس ادا کرنا ہوتا ہے ۔

یہ ٹیکس ایک پرچی یا bollettino کے زریعے جمع کروایا جاتا ہے جو کہ قسطوں میں روانہ کی جاتی ہیں ، یہ ٹیکس ڈاک خانے کے کرنٹ اکاؤنٹ میں جمع کروایا جاتا ہے ۔

ٹیکس جمع کروانے کے لیے آپ کسی ڈاک خانے یا پھر بنک سے رجوع کرسکتے ہیں ۔

# باب نمبر 14

## انٹیگریشن کا معاہدہ

## کارتا دی سوجورنو

# انٹیگریشن کا کنٹریکٹ یا Accordo di integrazione

وہ غیر ملکی جو کہ پہلی بار اٹلی میں داخل ہوتے ہیں ، انہیں انٹیگریشن کا کنٹریکٹ کرنا ہوتا ہے ، اس کنٹریکٹ کے تحت غیر ملکی نے پوائنٹس حاصل کرنا ہوتے ہیں جو کہ وقت کے ساتھ ساتھ حاصل کرتا ہے ۔

- فیملی کا ڈاکٹر منتخب کرنے پر پوائنٹس 4
- گھر کا کرایہ کا کنٹریکٹ پوائنٹس 6
- شہری علوم یا اٹالین کلچر سے واقفیت پوائنٹس 15
- اٹالین زبان لیول A2پوائنٹس 24






اگر غیر ملکی کوئی جرم کرے گا تو اس کے پوائنٹس کاٹے بھی جائیں گے ، یعنی چالان یا کسی جرم کی صورت میں مجرم یا ملزم ہونے کی صورت میں پوائنٹس کاٹے جائیں گے ۔

# انٹیگریشن کا کنٹریکٹ ۔ 2


جب غیر ملکی ویزہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دیتا ہے تو اسے 16 پوائنٹس دیے جاتے ہیں ۔



2 سالوں کے عرصے میں غیر ملکی کو مزید 30 پوائنٹس حاصل کرنا ہوتے ہیں ، اٹالین زبان لیول A2 اور اٹالین کلچر کو سمجھنے ، اٹالین آئین کو سمجھنے اور اٹالین اقدار کے بارے میں معلومات حاصل کرنے پر غیر ملکی مندرجہ بالا 30 پوائنٹس حاصل کرتا ہے ۔

اگر غیر ملکی ان 2 سالوں میں پوائنٹس پورے نہ کرے یا پھر اسکے پوائنٹس زیرو ہوجائیں تو اس صورت میں غیر ملکی کو ایک سال کا مزید وقت دیا جاتا ہے ۔

# انٹیگریشن کا کنٹریکٹ ۔ 3



جب غیر ملکی کو مزید ایک سال کا وقت دیا جائے گا تو اس صورت میں ضروری ہو گا کہ وہ 30 پوائنٹس حاصل کرے ۔ اس صورت میں شہری تعلیم یا educazione civica اور اٹالین زبان کا کورس A2 لیول لازمی ہوتا ہے ۔

اگر غیر ملکی شہری علوم کے کورس میں حصہ نہیں لے گا تو اسکے 15 پوائنٹس کاٹ دیے جائیں گے ۔

اگر غیر ملکی تیسرے سال بھی 30 پوائنٹس حاصل نہیں کرے گا تو اسکے بعد اسکی پرمیسو دی سوجورنو رینیو نہیں کی جائے گی اور اسے ملک بدری کا نوٹس دیدیا جائے گا

# انٹیگریشن کا کنٹریکٹ . 4

سوکس ایجوکیشن اور اٹالین زبان کا کورس کرنے سے غیر ملکی 30 پوائنٹس حاصل کرلیتا ہے اور یہ متعلقہ لوازمات کے لیے کافی ہوتے ہیں ۔

← شروع والے 15 سے 16 پوائنٹس قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ پریفی تورا کے بتائے ہوئے ایڈریس کے مطابق سوک ایجوکیشن یا شہری علوم کا کورس کریں ۔

← اٹالین زبان کا کورس A2 لیول کو مکمل کرنے سے 24 پوائنٹس حاصل ہوتے ہیں اور اس کورس کو کرنے کے لیے آپ مفت کسی سنٹر یعنی Centri Territoriali Permanenti (CTP) سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔ اسکے علاوہ دوسرے ایسے سکول بھی ہیں ، جنہوں نے Centri Territoriali Permanenti (CTP) سے معاہدہ کر رکھا ہے ، یہاں سے بھی آپ مفت اٹالین زبان کا کورس کرسکتے ہیں ۔ کورس ختم کرنے کے بعد غیر ملکی کو ایک ڈپلومہ دیا جاتا ہے جو کہ صرف پرمیسو دی سوجورنو رینیو کرنے کے لیے ویلڈ ہوتا ہے ۔



ان کورسوں کے علاوہ غیر ملکی پرائیوٹ طور پر بھی اٹالین زبان کا امتحان دے سکتا ہے ، اسے امتحان کے بعد ایک سرٹیفیکٹ جاری کیا جائے گا جو کہ سوجورنو رینیو کروانے کے علاوہ کسی دوسرے مسئلے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے یعنی کسی کسی تربیتی کورس میں داخلہ لینا وغیرہ ۔

# کارتا دی سوجورنو یا لمبی مدت کی سوجورنو

وہ غیر ملکی جو کہ اٹلی میں 5 سال کے عرصہ تک ریگولر طریقے سے آباد ہے ، اور کام کرتے ہوئے سالانہ انکم جو کہ کم سے کم سوشل چیک کے مطابق (5143 Euro) ہے ، حاصل کر رہا ہے اور اس پر کوئی عدالتی کیس نہیں ، کارتا دی سوجورنو حاصل کرسکتا ہے ، یہ غیر ملکی مندرجہ زیل کارتا دی سوجورنو حاصل کر سکتا ہے

- اپنے زات کے لیے کارتا حاصل کرنا
- کمسن بچوں کے لیے ، جن کی ذمہداری اس نے لے رکھی ہے
- ان والدین کے لیے ، جن کی دیکھبال کی ذمہداری اس نے لے رکھی ہے

→

کارتا دی سوجورنو کے لیے غیر ملکی کو ثابت کرنا ہو گا کہ اس نے اٹالین زبان کا کورس livello A2 کیا ہے - یہ وہی کورس ہے جو کہ انٹیگریشن کے معاہدے کے لیے کیا جاتا ہے -

↓

کارتا دی سوجورنو کے لیے درخواست ڈاک خانے کے دفتر میں فارم مکمل کرتے ہوئے دی جاتی ہے

کارتا دی سوجورنو یا لمبی مدت کی سوجورنو۔ 3

کارتا دی سوجورنو حاصل کرنے والے اٹالین زبان کے ٹیسٹ کے لیے غیر ملکی براہ راست پریفی تورا کے زریعے بھی دے سکتا ہے ، یہ ٹیسٹ مفت ہو گا اور اسے دینے کے لیے غیر ملکی کو وزارت داخلہ کی انٹرنیٹ کی سائٹ http://testitaliano.interno.it سے رجوع کرنا ہو گا ۔
جب غیر ملکی ٹیسٹ کے لیے درخواست دیگا تو اسے 60 دنوں کے اندر ٹیسٹ کے لیے با خبر کردیا جائے گا



وہ غیر ملکی اٹالین زبان کے بارے میں ٹیسٹ نہیں دے گا جو کہ 1۔ جس نے اٹلی میں اٹالین زبان کا ڈپلومہ یا کوئی دوسرا پروفیشنل کورس کیا ہے ۔ 2۔ وہ غیر ملکی جو کہ اٹلی میں ہائی کوالیفائیڈ نوکری یا alte qualifiche کے زریعے داخل ہوا ہے ۔ 3۔ وہ غیر ملکی جو کہ اپنی عمر کیوجہ سے ، معزور ہے ، کسی بیماری کا شکار ہے اور وہ ٹیسٹ نہیں دے سکتا ، اس پر لازمی ہو گا کہ یہ اپنی بیماری کے سلسلے میں ٹیسٹ سے بری ہونے کے لیے ڈاکٹری سرٹیفیکٹ مہیا کرے ۔

# خاندان کا ویزہ حاصل کرنا



وہ غیر ملکی جس کے پاس کام کی ، تعلیم کی ، بزنس کی پرمیسو دی سوجورنو موجود ہے اور اسکی مدت ایک سال سے زیادہ ہے، یا پھر اسکے پاس کارتا دی سوجورنو ہے ، ایسا غیر ملکی اپنے خاندان والوں کو اٹلی بلا سکتا ہے ۔



خاندان کا ویزہ مندرجہ زیل افراد کے لیے حاصل کیا جا سکتا ہے

- بیوی کے لیے
- کمسن بچے یا پھر جنکی عمر 18 سال سے کم ہے ، وہ بچے جو کہ بیوی کی پہلی شادی سے پیدا ہوئے تھے ، یا پھر شادی کے بغیر پیدا ہوئے تھے ، بچوں کی شادی نہ ہوئی ہو ، یا پھر وہ قانونی طور پر طلاق شدہ ہوں ، اس صورت میں دوسرے والد یا والدہ کی اجازت ضروری ہے ۔
- اسکے بعد بچے جو کہ بالغ ہیں ، یعنی انکی عمر 18 سال سے زیادہ ہے لیکن اپنی صحت کیوجہ سے وہ اکیلے نہیں رہ سکتے ہیں ، ایسے بچے بھی خاندان کے ویزے کے زریعے اٹلی آسکتے ہیں ۔
- وہ والدین جو کہ غیر ملکی کے ملک میں موجود ہیں لیکن انکی دیکھبال کرنے والا موجود نہیں اور غیر ملکی انکی دیکھبال کر رہا ہے ، ایسے والدین بھی خاندان کے ویزے کے زریعے اٹلی آسکتے ہیں ۔



# خاندان کا ویزہ حاصل کرنا۔ 2

## طریقہ کار

•خاندان کا ویزہ حاصل کرنے کے لیے غیر ملکی ایک فارم پر کرتا ہے اور اسکے بعد تھانے کے امیگریشن کے دفتر Sportello Unico میں جمع کرواتا ہے ، فارم کے ساتھ غیر ملکی کو پاسپورٹ کی فوٹو کاپی، سوجورنو کی فوٹو کاپی ، گھر کے کرایہ یا ملکیت کا کنٹریکٹ یا دوسرا فارم اور اسکے بعد سالانہ بچت کا سرٹیفیکٹ مہیا کرنا ہوتا ہے ۔

↓

•غیر ملکی کے خاندان والے اپنے ملک میں موجود اٹالین ایمبیسی یا کونصلیٹ میں جائیں گے اور خاندان کے کاغذات جمع کروائیں گے ، انہیں ثابت کرنا ہو گا کہ یہ اٹلی میں موجود غیر ملکی کے رشتہ دار ہیں ، کمسن بچوں کے سرٹیفیکٹ اور بیمار یا معزور بچے کی صورت میں کاغذات وغیرہ ۔

↓

• تھانے کا دفتر غیر ملکی کو کاغذات جمع کروانے کی صورت میں ایک رسید جاری کرتا ہے ، درخواست کے 90 دنوں کے بعد تھانے والے نلا اوستا یا این او سی جاری کرتے ہیں ، یا پھر کاغذات مکمل نہ ہونے کی صورت میں درخواست مسترد کرتے ہوئے اٹالین کونصلیٹ کو بھی مطلع کردیتے ہیں ۔



# خاندان کا ویزہ حاصل کرنا۔ 3

## طریقہ کار

↓

•90 دن گزرنے کے بعد غیر ملکی کے خاندان والے اپنے ملک میں موجود اٹالین کونصلیٹ میں کاغذات رسید کے ساتھ جمع کروائیں گے اور ویزے حاصل کرنے کے لیے اپلائی کریں گے ، رسید والے کاغذات وہ کاغذات ہیں جو کہ غیر ملکی نے تھانے کے دفتر سپورتیلو انیکو میں جمع کروائے تھے ۔

↓

•خاندان والے جب اٹلی پہنچ جائیں گے تو یہ لوگ 8 دنوں کے اندر تھانے کے دفتر کے اطلاع کریں گے ، انہیں متعلقہ کاغذات یا فارم دیے جائیں گے اور انہیں خاندان کی پرمیسو دی سوجورنو جاری کی جائے گی ۔ یہ فارم پر کرنے کے بعد کسی ڈاک خانے کے دفتر کے زریعے تھانے میں روانہ کیے جائیں گے ۔ ڈاک خانے والے فارم حاصل کرتے ہوئے آپ کو 2 زاتی کوڈ یا نمبر جاری کریں گے ، جنہیں (userid e password) کہتے ہیں ۔ ان نمبروں کے زریعے غیر ملکی انٹرنیٹ کے زریعے اپنی درخواست کی نوعیت کے بارے میں جان بوجھ حاصل کرتا ہے ۔

خاندان کی پرمیسو دی سوجورنو کے زریعے خاندان کے افراد کام یا بزنس کر سکتے ہیں ، سکول کے کورسوں میں داخلہ لے سکتے ہیں اور صحت کے قومی محکمے میں اپنا اندراج کرواتے ہوئے علاج و معالجہ کروا سکتے ہیں ۔



# باب 15

## اٹالین شہریت



# اٹالین شہریت

کیسے حاصل کی جاتی ہے :

1- اٹلی میں مسلسل 10 سال تک ریگولر طریقے سے رہنا، آپ کے پاس آمدنی کا قانونی زریعہ ہونا لازمی ہے اور آپ پر کوئی عدالتی جرم کا کیس نہیں ہونا چاہئے ۔ اٹالین شہریت آٹو میٹک طریقے سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ اسے حاصل کرنے کے لیے غیر ملکی کو درخواست دینی ہوتی ہے ۔

2- اگر آپ کے والدین غیر ملکی ہیں اور آپ اٹلی میں پیدا ہوئے ہیں تو اس صورت میں آپ 18 سال کی عمر پوری ہونے پر اٹالین شہریت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ، آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ آپ 18 سال تک مسلسل اٹلی میں رہے ہیں اور لمبے عرصے تک اٹلی سے باہر نہیں رہے ۔ یہ درخواست 18 سے 19 سال کی عمر تک دی جاتی ہے ، یعنی آپ کے پاس ایک سال کا وقت ہوتا ہے ۔




3- اگر آپ نے کسی اٹالین شہری سے شادی کی ہے ، اس صورت میں شادی کے 2 سال بعد ریگولر ریذیڈنس کی موجودگی میں ۔ اگر آپ نے کسی اٹالین سے شادی کی ہے اور کسی دوسرے ملک میں آباد ہیں ، تو اس صورت میں 3 سال کے عرصے کے بعد شہریت کی درخواست دی جاتی ہے ، اگر آپ نے کسی اٹالین شہری سے شادی کی ہے اور بچے پیدا ہو گئے ہیں ، یا پھر گود لیے ہیں ، تو اس صورت میں شہریت کی درخواست آدھے عرصے بعد دی جا سکتی ہے ۔ شادی کی صورت میں بھی عدالتی جرم کا کیس نہیں ہونا چاہئے۔

PRILS LAZIO - PIANO REGIONALE D'INTEGRAZIONE LINGUISTICA E SOCIALE DEGLI STRANIERI NEL LAZIO

Progetto cofinanziato da

UNIONE EUROPEA

REGIONE LAZIO

MINISTERO DELL'INTERNO

Fondo europeo per l'integrazione di cittadini di paesi terzi

# سوکس ایجوکیشن کورس اور اٹالین شہری ہونا

جنوری 2014

*Autori:*

scuolemigranti

Rete delle scuole di italiano per l'integrazione linguistica e sociale dei migranti

**Associazioni di volontariato e del privato sociale sostenute da CESV-SPES**

Via Liberiana,17 00185 Roma Tel: 06491340
scuolemigranti@cesv.org www.scuolemigranti.it

*Stesura curata da:* Francesca Abbate, Daniela Bossa, Valentina Casavola, Daniele Diviso, Fiorella Farinelli, Augusto Venanzetti

*Progetto grafico di:* Francesca Abbate

*Traduzione dall'italiano a cura di*: Ahmad Ejaz

ASAP Agenzia per lo Sviluppo delle Amministrazioni Pubbliche

Ministero dell'Istruzione, dell'Università e della Ricerca
USR LAZIO Ufficio Scolastico Regionale

ROMA TRE UNIVERSITÀ DEGLI STUDI